سوال

(104) صلی اللہ علی النبی الامی وظیفہ کھڑے ہو کر پڑھنا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

صلی اللہ علی النبی الامی والہ صلی اللہ علیہ وسلم صلوۃ وسلام علیک یا رسول اللہ کا وظیفہ شمال رخ دست بدستہ کھڑے ہو کر پڑھنا کیسا ہے۔ حدیث شریف میں بھی اس کی کچھ اصلیت ہے یا نہیں۔؟ (محمد شریف دوکاندار ضلع کک)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث شریف میں جس درود کی تعلیم آئی ہے وہ یہ ہے۔

اللھم صلی علی محمد وعلی ال محمد کما صلیت علی ابراہیم وعلی ال ابراہیم انک حمید مجید

اس کے سوا مذکورہ درود سب بناوٹی ہیں۔ اصل کے ہوتے بناوٹی کو لینا ناجائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد2 ص77

محدث فتویٰ